Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Media Department

# نیب ترامیم کیس میں بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کی بذریعہ ویڈیو لنک بنچ میں موجود چیف جسٹس اور ساتھی ججز سے تاریخی گفتگو

پاکستان تحریک انصاف نے بانی چیئرمین عمران خان کی گفتگو کو مایوسی، لاقانونیت اور ہیجان کے ماحول سے ملک و قوم کو نکال کر اک نئی ڈگر پر ڈالنے کا کلیّہ قرار دے دیا

اڈیالہ میں دس ماہ سے ناحق قید قوم کے معتبر ترین قائد کی گفتگو وطن کی محبّت سے سرشار قوم کے ایک سپوت، ایک بے لوث لیڈر اور ایک نابغہ روزگار سٹیٹس مین کی گفتگو تھی، بدترین انتقام اور ننگی ریاستی وحشتوں سے لگنے والے گہرے زخموں کے تلخ ترین اثرات سے نکل کر بانی چیئرمین عمران خان نے سپریم کورٹ کے ججز کے سامنے اپنی ذات کی بجائے، اپنے ملک کا مقدّمہ رکھا، بانی چیئرمین عمران خان نے عدالتِ عظمیٰ کے سامنے دستور اور جمہوریت کی شہ رگ میں پیوست آمریت کے خونخوار دانتوں کا ذکر کیا، عمران خان نے چیف جسٹس اور ان کے ساتھی ججز کے سامنے نشاندہی کہ غیر اعلانیہ مارشل لاء کیسے ریاست کی رگوں سے دستور، قانون اور جمہوریت نچوڑ رہا اور 24 کروڑ شہری بنیادی حقوق کیلئے بِلک رہے ہیں،

عمران خان ملک میں کرپشن کے انسداد کے خلاف واحد آواز اور خود مقتدرہ کے اشاروں پر ناچتے نیب کے ہاتھوں بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ ہیں تاہم ملکی وسائل کی لوٹ مار اور اداروں کی تباہی گوارا کرنے پر آمادہ نہیں، ترجمان تحریک انصاف پاکستان کا مستقبل دستور، جمہوریت، قانون کی حکمرانی اور سلطانئ جمہور سے وابستہ ہے، اس کیلئے عدلیہ کے ضمیر کو آواز دی گئی، خود بدترین ناانصافی کا نشانہ بننے کے باوجود قوم کا قائد اپنے ملک اور قوم کیلئے عدل و انصاف کے حصول کی خاطر عدلیہ کی طرف دیکھ رہا ہے، ناحق جیل میں قید اور بدترین سیاسی انتقام کے ہدف بنائے جانے والے قائد کو سیاسی مشورے دینے کی بجائے عدلیہ دستور اور بنیادی حقوق کی حرمت کے تحفظ کیلئے کھڑی ہو جائے تو لاقانونیت اور بحران سمٹنا شروع ہو جائیں گے، اڈیالہ جیل کے بے گناہ مکین نے ریاست خصوصاً عدلیہ کو جو راہ دکھلائی ہے وہ پاکستان کی بقا و ترقی کا راستہ ہے، دعا ہے کہ دانش حماقت پر غالب آجائے اور ملک و قوم قرار پائیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ